[illegible] کے [illegible] کے پاس لیا ہے۔ فرمایا: "توبہ کرو اور [illegible]" جب وہ

شخص چلا گیا تو فرمایا: "یہ میں نے اس لیے کہا تا کہ دل میں رکاوٹ رہے اور آگے نہ بڑھے، نفرت پیدا ہو"۔

✿ ایک اور صاحب نے حضرت سے استفسار کیا کہ میرے لیے ملازمت سرکاری کے علاوہ اور کوئی صورت معاش کی نہیں اور سرکاری ملازمت بغیر ڈاکٹری معائنہ کے ہو نہیں

سکتی اور ڈاکٹری معائنہ میں بالکل برہنہ ہونا پڑتا ہے اور میں منتخب ہو چکا ہوں صرف ڈاکٹری معائنہ کی رکاوٹ باقی ہے تو کیا اس مجبوری میں ڈاکٹری معائنہ جائز ہے یا نہیں؟

حضرت نے جواب تحریر فرمایا: ”جائز سمجھنے سے زیادہ بہتر ہے کہ ناجائز سمجھا جائے اور کرالیا جائے۔ اس کے بعد توبہ کرلی جائے“۔

پھر فرمایا: ”ایسے جواب کی یہ بھی وجہ ہے کہ اب کیا معلوم واقعی اس کے سوا اور تمام ذرائع آمدنی ان کے لیے مفقود ہیں یا نہیں؟ کیونکہ گھاس تو کھود سکتے ہیں، کسی مسجد میں مؤذنی تو کر سکتے ہیں، البتہ تنعّم چاہتے ہوں تو دوسری بات ہے۔ پھر ضرورت کے تحقق پر بھی اگر میں یہ لکھ دیتا ہوں کہ جائز ہے تو جرأت بڑھ جاتی، نہ معلوم کہاں تک نوبت پہنچتی۔ میرے اس جواب میں اہل علم کے لیے بڑا سبق ہے کہ وہ ایسے خیالات کی رعایت رکھا کریں“۔ (۱)